# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 12th January, 2026 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** **MR. IBRAR AHMAD** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding 350,000 people living with HIV in Pakistan, causing grave concern amongst the public.

**ORDINANCES TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**4.** **SYED MUSTUFA KAMAL,** Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, to lay the Pakistan Nursing and Midwifery Council Ordinance, 2025 (No. IX of 2025) before the National Assembly, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**5.** **MR. MUHAMMAD HANIF ABBASI,** Minister for Railways, to lay the Transfer of Railways (Amendment) Ordinance, 2025 (No. X of 2025) before the National Assembly, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. (Laid in the Senate on 05-12-2025)

**INTRODUCTION OF BILLS**

**6.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to introduce a Bill further to amend the Export Development Fund Act, 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026].

**7.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to introduce a Bill to amend the National Tariff Commission Act, 2015 [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026].

**8.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to introduce a Bill to amend the Export-Import Bank of Pakistan Act, 2022 [The Export-Import Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2026].

**9.** **MS. SHAZA FATIMA KHAWAJA,** Minister for Information Technology and Telecommunication, to introduce a Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-Organization) (Amendment) Bill, 2026].

**10. JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to introduce a Bill further to amend the Life Insurance (Nationalization) Order, 1972 [The Life Insurance Nationalization (Amendment) Bill, 2026].

**11. MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to introduce a Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2026].

**12. SENATOR RANA SANA ULLAH KHAN,** Adviser to the Prime Minister on Political and Public Affairs and Inter Provincial Coordination, to introduce a Bill further to amend the Travel Agencies Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Travel Agencies (Amendment) Bill, 2026].

**13. SENATOR RANA SANA ULLAH KHAN,** Adviser to the Prime Minister on Political and Public Affairs and Inter Provincial Coordination, to introduce a Bill to amend the Pakistan Tourist Guides Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Tourist Guides (Amendment) Bill, 2026].

**14. SENATOR RANA SANA ULLAH KHAN,** Adviser to the Prime Minister on Political and Public Affairs and Inter Provincial Coordination, to introduce a Bill to amend the Pakistan Hotels and Restaurants Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026].

**15. MIAN RIAZ HUSSAIN PIRZADA,** Minister for Housing and Works, to introduce a Bill to regulate the ownership and management of condominiums in Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Condominium (Ownership and Management) Bill, 2026].

## PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

**16. SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Income Tax Ordinance, 2001 [The Income Tax Ordinance (Third Amendment) Bill, 2025].

**17. MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002 [The Pakistan Electronic Media Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2025].

**18. MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the Associated Press of

Pakistan Corporation Ordinance, 2002 [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2025].

**19.** **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Newspaper Employees (Conditions of Service) Act, 1973 [The Newspaper Employees (Conditions of Service) (Amendment) Bill, 2025].

## PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

**20.** **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Commerce, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**21.** **MALIK MUHAMMAD AAMIR DOGAR,** Chairman Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**22.** **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI,** Chairperson Standing Committee on Human Rights, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**23.** **MS. MUNAZA HASSAN,** Chairperson Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**24.** **SYED ABDUL QADIR GILANI,** Chairman Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

**25.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12-03-2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**26.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**27.** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** **MS. SHAHIDA BEGUM** **MR. NOOR ALAM KHAN** **MR. MISBAH UDDIN** **MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** to invite attention of the Minister for Inter-Provincial Coordination**,** to a matter of urgent public importance regarding illegal transfer of Railway land in Mardan by Member of the Federal Land Commission, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**11th January, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۱۲ جنوری، ۲۰۲۶ء شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

**سوالات**

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۳۔ **جناب انجم عقیل خان** **جناب ابرار احمد** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو پاکستان میں ۳۵۰،۰۰۰/افراد کے ایچ آئی وی میں مبتلا ہونے سے متعلق ہے۔

**قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے آرڈیننس**

۴۔ **سید مصطفیٰ کمال**، وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۵۔ **جناب محمد حنیف عباسی**، وزیر برائے ریلوے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق ریلوے کی منتقلی (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔ (سینیٹ میں ۵ دسمبر، ۲۰۲۵ء کو پیش ہوا)

**بلوں کا پیش کرنا**

۶۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت، برآمدی ترقی فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [برآمدی ترقی فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۷۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت، قومی ٹیرف کمیشن ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ٹیرف کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۸۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل ،ایکسپورٹ ۔امپورٹ بینک آف پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [ایکسپورٹ۔امپورٹ بینک آف پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۹۔ **محترمہ شزیٰ فاطمہ خواجہ**، وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات، پاکستان ٹیلی مواصلات (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ٹیلی مواصلات (تنظیم نو) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گی۔

۱۰۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت ،بیمہ زندگی (قومیانہ) فرمان، ۱۹۷۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [بیمہ زندگی قومیانہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۱۲۔ **سینیٹر رانا ثناء اللہ خان،** وزیر اعظم کے مشیر برائے امور سیاسی و عامہ اور بین الصوبائی رابطہ، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حد تک ٹریول ایجنسیز ایکٹ، ۱۹۷۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ٹریول ایجنسیز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۱۳۔ **سینیٹر رانا ثناء اللہ خان،** وزیر اعظم کے مشیر برائے امور سیاسی و عامہ اور بین الصوبائی رابطہ، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حد تک پاکستان ٹوورِسٹ گائیڈز ایکٹ، ۱۹۷۶ء میں ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ٹوورِسٹ گائیڈز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۱۴۔ **سینیٹر رانا ثناء اللہ خان،** وزیر اعظم کے مشیر برائے امور سیاسی و عامہ اور بین الصوبائی رابطہ، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حد تک پاکستان ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس ایکٹ، ۱۹۷۶ء میں ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۱۵۔ **میاں ریاض حسین پیرزادہ،** وزیر برائے مکانات و تعمیرات، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں کنڈومینیمز کی ملکیت اور انتظام کو منضبط کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کنڈومینیم (ملکیت وانتظام) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۱۶۔ **سید نوید قمر،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [انکم ٹیکس آرڈیننس (ترمیم سوم) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۷۔ **جناب پھلین،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات، پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۸۔ **جناب پھلین،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات، ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۹۔ **جناب پھلین،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات، اخبار کے ملازمین (شرائطِ ملازمت) ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [اخبار کے ملازمین (شرائطِ ملازمت) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۲۰۔ **جناب محمد جاوید حنیف خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۱۔ **ملک محمد عامر ڈوگر،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۲۔ **محترمہ زہرا ودود فاطمی،** چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۲۳۔ **محترمہ منزہ حسن،** چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۲۴۔ **سید عبدالقادر گیلانی**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۲۵۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۲۶۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۷۔ **محترمہ نعیمہ کشور خان** **محترمہ شاہدہ بیگم** **جناب نور عالم خان**
**جناب مصباح الدین** **جناب محمد عثمان بادینی** وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو مردان میں وفاقی لینڈ کمیشن کے رکن کی جانب سے ریلوے کی زمین کے غیر قانونی انتقال سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،** **سعید احمد میتلا**

**۱۱ جنوری، ۲۰۲۶ء** **قائم مقام سیکرٹری**